**2024-08-12**

**Hrs 08.30**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

**1** پیرس اولمپکس **2024** چکاچوند کردینے والی اختتامی تقریب کے ساتھ مکمل ہوئے۔ اگلے اولمپکس کھیل مقابلے **2028** میں امریکہ کی شہر لاس اینجلس میں منعقد ہوں گے۔

**2** وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سبھی ایتھلیٹس نے، اپنے طرف سے بہترین کاکردگی پیش کی ہے اور ہر ایک بھارتی کو اُن پر فخر ہے۔

**3** **SEBI** نے سرمایہ کاروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ پُرسکون رہیں اور ہنڈنبرگ جیسی غلط رپورٹوں پر کوئی رد عمل ظاہر کرنے سے پہلے تحمل سے کام لیں۔ اڈانی گروپ، **SEBI** سربراہ اور سرکردہ صنعت کاروں نے امریکہ کی **Short seller** کمپنی کی اس رپورٹ کی مذمت کی ہے۔

**4** بھارت کے انتخابی کمیشن کی ٹیم، آئندہ اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے ہریانہ کا دو روزہ دورہ شروع کرے گی۔

**5** راجستھان میں بارش سے متعلق حادثات میں کم سے کم **22** افراد ہلاک ہوگئے۔ آج سات ضلعوں میں سبھی اسکول بند ہیں۔

**6** اور ابھی تک کی سب سے پہلی عالمی خواتین کبڈی لیگ ہریانہ میں اگلے مہینے شروع ہوگی۔

اب خبریں تفصیل سے۔

**Olympic Closing**

پیرس اولمپکس کی **2024** کَل رات **Stade de Franc** میں، چکاچوند کردینے والی اختتامی تقریب کے ساتھ ختم ہوگئے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

**V/C Shauriya**

بھارت نے ایک چاندی اور پانچ کانسے کے تمغوں سمیت، چھ تمغے حاصل کئے اور وہ تمغو کی فہرست میں مجموعی طور پر **71**ویں مقام پر رہا۔ بھارت یہ پوزیشن **2020** کے ٹوکیو اولمپکس کی پوزیشن سے نیچے رہی۔ ٹوکیو اولمپکس میں اُس نے **7** تمغے حاصل کئے تھے اور اُس کا **48**واں مقام تھا۔ اِن تمغوں میں ایک سونے، دو چاندی اور چار کانسے کے تمغے تھے۔**X**

## PM Paris Olympic

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سبھی ایتھلیٹس نے اپنی طرف سے بھرپور کوشش کی اور ہر بھارتی شہری کو اُن پر فخر ہے۔ وزیراعظم نے سوشل میڈیا پر پیرس اولمپکس 2024 میں بھارتی ایتھلیٹس کی کارکردگی کی ستائش کی۔

ایکس پر ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ کھیلوں میں پوری بھارتی ٹیم کی کوششوں کی قدر کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے آئندہ مقابلوں میں بھارت کے کھلاڑیوں کی اچھی کارکردگی کی دعا بھی کی۔

پیرس اولمپکس میں 16 کھیلوں میں بھارت کے کُل 117 ایتھلیٹس نے حصہ لیا اور بھارت ایک چاندی کے اور پانچ کانسے کے تمغوں کے ساتھ 71ویں مقام پر ہے۔X

## Hindenburg Reaction

اڈانی گروپ نے، ہنڈنبرگ کی طرف سے لگائے الزامات کو بدنیتی اور شرپسندی پر مبنی اور عوام کو دستیاب معلومات کو، توڑ مروڑ کر پیش کیا جانا قرار دیا ہے۔ اسٹاک ایکسچینج میں داخل کئے گئے ایک بیان میں اڈانی گروپ نے کہا کہ امریکہ کی، قلیل مدت میں شیئر فروخت کرنے والی اِس کمپنی کی تازہ ترین رپورٹ کی بنیاد پر یہ نتائج برآمد ہوتے ہیں کہ یہ رپورٹ حقائق اور قانون کا احترام نہ کرتے ہوئے ذاتی مفاد کی خاطر تیار کی گئی ہے۔ اڈانی گروپ نے کہا کہ وہ اِن الزامات کی مکمل طور پر تردید کرتا ہے جو بے بنیاد دعووٗں کا مجموعہ ہے اور جن کی مکمل طور پر تحقیقات کی جاچکی ہے اور جو بے بنیاد ثابت ہوچکے ہیں نیز سپریم کورٹ کی طرف سے اُنہیں خارج کیا جاچکا ہے۔

SEBI چیئرپرسن Madhabi Puri Buch اور اُن کے شوہر Dhaval Buch نے اپنے خلاف ہنڈنبرگ کی طرف سے لگائے الزامات سے، سختی سے انکار کیا ہے۔ انہوں نے اِن الزامات کو، کردار کُشی کی کوشش قرار دیا ہے کیونکہ پچھلے مہینے امریکہ میں قائم اِس Short seller کمپنی کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا تھا۔

بھارت میں میچوئل فنڈس کی ایسو سی ایشن AMFI نے SEBI چیئرپرسن Madhabi Puri Buch اور اُن کے شوہر Dhaval Buch کے خلاف، ہِنڈنبرگ کی تازہ رپورٹ کی مذمت کی ہے۔ AMFI نے ایک بیان میں کہا کہ امریکہ کی، قلیل مدت میں شیئر فروخت کرنے والی کمپنی، مارکیٹ کے نظام میں، اعتبار ختم کرنے کی کوشش کررہی ہے اور دنیا کی سب سے تیز رفتار ترقی کرنے والی معیشت کے راستے میں غیر ضروری رکاوٹیں پیدا کررہی ہے۔

سینئر وکیل مہیش جیٹھ ملانی نے ہنڈنبرگ کے تازہ دعووٗں کی یہ کہتے ہوئے مذمت کی ہے کہ یہ محض شعبدہ بازی ہے۔ جناب جیٹھ ملانی نے کہا ہے کہ اِس قدم کا مقصد بھارت کی اسٹاک مارکیٹ کو کمزور کرنا ہے۔

**S/B-Mahesh Jethmalani**

سابق مرکزی وزیر راجیو چندر شیکھر نے کہا کہ بھارتی کی معیشت کو کمزر کرنے کیلئے عالمی سطح پر ایک کوشش کی جارہی ہے۔

**S/B- Rajeev Chandershekar**

انفوسس کے سابق CEO موہن داس پائی نے کہا کہ SEBI سربراہ کے خلاف یہ الزامت، بکواس ہیں اور بدنیتی کی حامل ایک کمپنی کی طرف سے کردار کُشی ہے۔

سینئر بی جے پی رہنما سُدھانشو ترویدی نے بھی ہنڈنبرگ رپورٹ کو ملک میں اقتصادی بحران پیدا کرنے کی ایک سازش قرار دیا ہے۔

**S/B- Sudhanshu Trivedi**

بین الاقوامی مالی فنڈ کے ایگزکیٹو ڈائریکٹر KV سبرامنین نے Madabi Buch کی یقینی دیانتداری کی وکالت کی ہے اور کہا ہے کہ اس رپورٹ میں سمجھ بوجھ کی کمی ہے۔X

**Mann Ki Baat**

وزیراعظم نریندر مودی اِس مہینے کی 25 تاریخ کو آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرونِ ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 113واں نشریہ ہوگا۔ لوگ آئندہ پروگرام کے لیے اپنے نظریات اور تجاویز کا اظہار مفت ٹیلی فون نمبر ایک آٹھ صفر صفر، ایک ایک، سات آٹھ صفر صفر

پر کر سکتے ہیں۔ لوگ اپنے خیالات کا اظہار نریندر مودی ایپ اور

MyGov Open Forum کے ذریعے آن لائن بھی کر سکتے ہیں۔ اگلے نشریے کے لیے سبھی تجاویز اِس مہینے کی 23 تاریخ تک حاصل کی جائیں گی۔

من کی بات پروگرام آکاشوانی اور ددردرشن کے تمام تر نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور نیوز آن AIR موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔

یہ پروگرام AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، PMO اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی براہِ راست نشر کیا جائے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی اِسے علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**ECI Haryana Visit**

بھارت کے انتخابی کمیشن ECI کی ٹیم ہریانہ کا دو روزہ دورہ کرے گی۔ آج سے شروع ہونے والے اس دورے میں آئندہ اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار، انتخابی کمشنروں گیانیش کمار، سُکھبیر سنگھ سَندھو اور کمیشن کے دیگر افسران کے ساتھ میٹنگز کریں گے۔

ہریانہ کے اعلیٰ انتخابی افسر پنکج اگروال نے کہا کہ کمیشن، ہریانہ کی سیاسی پارٹیوں کے نمائندوں، ضلع انتخابی افسران اور سینئر افسران کے ساتھ میٹنگز کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ

کمیشن، پوری ریاست میں مانیٹیرنگ اور نگرانی میں اضافے کے مقصد سے قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کیلئے رہنما خطوط جاری کرے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ کمیشن، چیف سکریٹری، پولیس کے ڈائریکٹر جنرل دیگر انتظامی سکریٹریز اور سینئر پولیس افسران کے ساتھ اہم میٹنگز کرے گا۔X

## Rev. Rajasthan Rain

راجستھان کے مختلف حصوں میں ہفتے کے روز سے ہو رہی موسلا دھار بارش سے کم از کم 22 افراد اپنی جان گنوا چکے ہیں۔ جے پور، Karauli، سوائے مادھوپور اور Dausa میں کَل شدید بارش سے سڑکوں پر پانی بھر گیا۔ حکام نے جے پور، جے پور دیہات، Dausa، کرولی، سوائے مادھوپور، گنگا پور اور بھرت پور اضلاع میں آج سبھی سرکاری اور پرائیویٹ اسکولوں کو بند کیے جانے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بھجن لال شرمانے صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے جے پور میں سینئر اہلکاروں کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ جناب شرما نے اہلکاروں سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کاموں کو تیز کرنے اور آئندہ دنوں کے لیے موسمیات کے محکمے کی پیشگوئی کی بنیاد پر ضروری احتیاطی اقدامات کرنے کو کہا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

## V/C Jitendra Dwivedi

بھرت پور ضلعے کے Srinagar گاؤں کے نزدیک Banganga دریا میں ڈوبنے سے 7 نوجوانوں کی موت ہوگئی۔ جے پور کے نزدیک Kanota باندھ میں ایک شخص پھسل کر گہرے پانی میں چلا گیا۔ اُس کو بچانے کی کوشش میں اُس کے چار دوست بھی ڈوب گئے۔ اِس کے علاوہ مختلف اضلاع میں بارش سے وابستہ واقعات میں تقریباً دس دیگر لوگ ہلاک ہوگئے۔

وزیراعلیٰ بھجن لال شرما نے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ طلب کی اور متاثرہ علاقوں میں امدادی اور بچاؤ کارروائیاں شروع کرنے کی ہدایات دیں۔ وزیراعلیٰ نے لوگوں سے شدید بارش کی مدِّنظر خصوصی احتیاط برتنے کی اپیل کی ہے۔

اِس دوران موسمیات کے محکمے نے آج ریاست کے 7 مشرقی اضلاع میں شدید سے بہت شدید بارش کے تعلق سے ایک الرٹ جاری کیا ہے۔

جے پور سے جیتیندر دیویدی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں......

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیاتIMD نے مشرقی راجستھان، آسام، میگھالیہ اور بہار میں آج دور دراز کے مقامات پر بہت تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے ایک ماہر نے اندازہ لگایا ہے کہ کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو اور کرناٹک کے شمالی اندرونی علاقوں میں اگلے چار روز کے دوران دور دور تک موسلا دھار بارش ہوگی۔

موسمیات کے محکمے نے مغربی ہمالیائی خطے، مشرقی اور شمال مشرقی بھارت میں بڑے پیمانے پر ہلکی سے اوسط بارش ہونے اور شمال مغربی بھارت اور جنوبی بھارتی جزیرہ نما کے میدانی علاقوں میں پورے ہفتے کہیں کہیں اور دور دور تک بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔x

## Women's Kabaddi League

ہریانہ میں خواتین کی اب تک کی پہلی کبڈّی عالمی لیگ اگلے مہینے سے شروع ہوگی۔ اِس لیگ میں جس کا سرکاری نام Global Pravasi Women's Kabaddi League (GPKL)ہے، 15 ملکوں کی خواتین ایتھلیٹس حصہ لیں گی۔ اِس مقابلے سے کبڈّی کو بین الاقوامی سطح پر فروغ دینے، اولمپک کھیلوں میں اِس کھیل کو شامل کرنے کی کوششوں کو تعاون فراہم کرنے اور 2036 اولمپکس کی میزبانی کرنے کی بھارت کی کوششوں کو جہت فراہم کرنے میں ایک قابل لحاظ پیشرفت کی نمائندگی بھی ہوتی ہے۔ عالمی کبڈّی کے ساتھ شراکت داری میں Holistic International Pravasi Sports Association (HIPSA) کے ذریعے منعقد کیے جانے والے لیگ کا آغاز ہریانہ میں ہوگا۔

اِس پہل کے لیے سہولت فراہم کرنے خاطر ہریانہ HIPSA اور ہریانہ حکومت کے درمیان حال ہی میں مفاہمت کے اقرار نامے پر دستخط کیے گئے تھے۔ اِس لیگ کا مقصد خواتین کبڈّی کو عالمی سطح پر فروغ دینا ہے۔ GPKL میں انگلینڈ، پولینڈ، ارجنٹینا، کنیڈا اور اٹلی سمیت مختلف ملکوں کی ٹیمیں شامل ہوں گی۔ اِن ملکوں کے ایتھلیٹس نے اِس میں حصہ لینے میں اپنی خواہش کا اظہار کیا ہے۔

بھارتی کھیلوں کے سابق وزیر کِرن ریجیجو نے اولمپکس میں کبڈّی کو شامل کیے جانے کی حمایت کی ہے۔x

## Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''قدرتی آفات کے دوران محفوظ رہنے کے طریقوں پر'' ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، قدرتی آفات سے نمٹنے والی قومی اتھارٹی رُکن کرشنا ایس وَتس اور ایمز نئی دلی میں JPNA ٹراما سینٹر کے سربراہ ڈاکٹر کامران فاروقی کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

آپ اپنے سوالات، ہیش ٹیگ Askair کے ذریعے ہمارے ٹوئیٹر ہینڈل airnewsalerts@ پر بھی پوسٹ کرسکتے ہیں۔

یہ براہ راست پروگرام ایف ایم گولڈ چینل اور اضافی میٹروں پر بھی سنا جاسکتا ہے۔ یہ پروگرام ہماری ویب سائٹ NEWS ON AIR DOT NIC DOT IN پر اور ہمارے یوٹیوب چینل NEWS ON AIR OFFICIAL پر بھی دستیاب ہوگا۔x

**China Philippines**

فلیپنز نے، اُس کے ایک طیارے کے خلاف چین کی طرف سے کی گئی غیرمنصفانہ، غیرقانونی اور بے رحمانہ کارروائی کی مذمت کی ہے۔ یہ طیارہ متنازعہ جنوبی چین کے سمندر میں گشت کی اپنی کارروائی انجام دے رہا تھا۔ فلیپنز کے صدر Ferdinand R Marcos جونیئر نے ایک بیان میں اِس فضائی واقعے کی سختی سے مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ وہ فلیپنز کی مسلح فوجوں کے مَردوں اور خواتین کے ساتھ ہیں۔X

**Bangladesh Polic**

بنگلہ دیش میں اِس مہینے کی پانچ تاریخ کو ملک میں حکمرانی کی تبدیلی کے بعد، زیادہ تر پولیس اہلکار اپنی ڈیوٹی پر واپس نہیں آئے ہیں، جس کی وجہ سے ملک میں امن وقانون کی صورتحال ابتر ہوگئی ہے۔

عوامی لیگ پارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں، مذہبی اقلیتوں کے لوگوں اور سماج کے کمزور طبقوں کو، بگڑتی ہوئی صورتحال کا سامناہے۔

بنگلہ دیش کی عبوری حکومت کے، امور داخلہ کے مشیر ایم سخاوت حسین نے پولیس عملے کے افراد سے کہا ہے کہ وہ اپنی ڈیوٹی پر واپس آجائیں اور لوگوں کی حفاظت کریں۔X

**PM Crops Release**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت ملک کے کسانوں کو بااختیار بنانے کی پابند ہے۔ جناب مودی نے یہ بات، زیادہ پیداوار دینے والی، آب وہوا کی تبدیلی کا سامنا کرنے والی اور زیادہ تغذیہ بخش 109 قسم کی فصلوں کے بیج جاری کرنے کے بعد ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہی۔ یہ تقریب نئی دلّی کے زرعی تحقیق کے بھارتی ادارے میں منعقد کی گئی۔ انھوں نے مزید کہا کہ آب وہوا سے مطابقت رکھنے والی، اور زیادہ پیداوار دینے والی فصلوں کے اِن بیجوں سے، کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ 61 فصلوں کے اِن 109 قسم کے بیجوں میں سے 34 طرح کے بیج، کھیت میں اُگائی جانے والی فصلوں کیلئے ہے اور 27 قسم کے بیج باغبانی کیلئے ہیں۔ اِن سے کسانوں کی آمدنی اور پیداواریت میں اضافہ ہوگا نیز لاگت میں کمی آئے گی۔

کھیتوں میں اُگنے والی فصلوں کیلئے مختلف قسم کے اناج کے بیج جاری کئے گئے، جن میں باجرہ، مویشیوں کا چارہ، تِلہن، دَلہن، گنّا، کپاس، ریشہ اور دیگر امکانی فصلیں شامل ہیں۔

باغبانی والی فصلوں میں پھل، سبزیاں، مختلف قسم کے پودے، ٹیوبرس، مسالے، پھول اور جڑی بوٹیاں شامل ہیں۔

اِس موقع پر وزیر اعظم نے کسانوں اور سائنسدانوں سے بات چیت بھی کی۔ اِن نئی قسم کی فصلوں کی اہمیت پر بات چیت کرتے ہوئے جناب مودی نے، زراعت میں، ویلیو ایڈیشن کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ کسانوں نے کہا کہ یہ نئی قسم کی فصلیں انتہائی فائدے مند ہیں کیونکہ اِن سے اخراجات میں کمی آئے گی اور ماحول پر مثبت اثر پڑے گا۔

بعد میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ اِن فصلوں کے بیج، آب وہوا سے مطابقت رکھتے ہیں اور خراب موسم میں بھی اچھی فصل دے سکتے ہیں۔X

**AMFI-SEBI**

بھارت میں میچوئل فنڈس کی ایسو سی ایشن **AMFI** نے **SEBI** چیئرپرسن **Madhabi Puri Buch** اور اُن کے شوہر **Dhaval Buch** کے خلاف، ہِنڈنبرگ کی تازہ رپورٹ کی مذمت کی ہے۔ **AMFI** نے ایک بیان میں کہا کہ امریکہ کی، قلیل مدت میں شیئر فروخت کرنے والی کمپنی، مارکیٹ کے نظام میں، اعتبار ختم کرنے کی کوشش کررہی ہے اور دنیا کی سب سے تیز رفتار ترقی کرنے والی معیشت کے راستے میں غیر ضروری رکاوٹیں پیدا کررہی ہے۔

صنعتی ادارے نے کہا کہ **SEBI** کی چیئرپرسن پر، بیرونِ ملک سے کی جانے والی رائے زنی، بھارت کی اثاثہ مارکیٹ میں، نہ صرف **Madhabi Buch** کے تعاون کو ٹھیس پہنچانے کی ایک کوشش ہے بلکہ ہمارے ملک کی اقتصادی ترقی کو بھی نقصان پہنچانے کی ایک کوشش ہے۔

**AMFI** نے کہا ہے کہ ہنڈنبرگ کے دعووں میں، جواز اور بھارت کے ضابطہ کار ماحول کو سمجھنے کی کمی ہے اور وہ ہمارے ملک کی، بڑی مشقت سے حاصل کی گئی کامیابیوں کو بدنام کرنا چاہتی ہے۔ صنعتی ادارے نے کہا کہ ایک عرصے میں **SEBI** نے، اچھی کارکردگی والی ایک ایسی مارکیٹ تشکیل دی ہے جسے مقامی اور عالمی، دونوں سطحوں پر سرمایہ کاروں کا اعتماد حاصل ہے جس کیلئے موجودہ **SEBI** چیئرپرسن کی قیادت میں بہت سے اقدامات کئے گئے ہیں۔

**AMFI** کے مطابق موجودہ **SEBI** چیئرپرسن کی قیادت میں بہت سے اہم اقدام کئے گئے ہیں اور **SEBI** کے ضابطوں کی بنیاد پر میچوئل فنڈس کو شفاف ترین اور موثر بنایا گیا ہے۔X

**NEET PG Exam**

**NEET-PG-2024** امتحان کا کُل ملک بھر کے **170** شہروں میں کامیاب انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل سائنس امتحانات کے قومی بورڈ، **NBEMS** نے کہا ہے کہ اِس سال قریب دو لاکھ **28** ہزار **540** امیدواروں کو ہال ٹکٹ جاری کئے گئے تھے۔ **NEET-PG** امتحان کے انعقاد پر نگرانی کیلئے ایک ہزار **950** آزاد نگراں کار اور **300** فلائنگ اسکواڈ اراکین کو امتحانی مراکز پر مامور کیا گیا تھا۔ **NBEMS** نے مزید کہا کہ ملک گیر امتحان کے انعقاد کی نگرانی کیلئے آٹھ علاقائی کمانڈ مراکز بھی قائم کئے گئے تھے۔x

## Jaishankar Maldives

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ مالدیپ، بھارت کیلئے بحرِ ہند کے خطے میں ایک اہم ساجھیدار ہے اور دونوں ممالک اپنے شتراک کو ایک جدید ساجھیداری میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر، مالدیپ میں Addu Reclamation Project اور Addu Shore Protection Project کا افتتاح کرنے کے بعد اظہار خیال کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ ہمارے ترقیاتی اشتراک کا مقصد، مالدیپ میں عوام کی زندگی کے ہر پہلو کا احاطہ کرنا اور اُنھیں ٹھوس فائدے پہنچانے کے طریقے تلاش کرنا ہے۔

انھوں نے کہا کہ بھارت نے Addu Reclamation Project اور Addu Shore Protection Project سے متعلق مالدیپ حکومت کے ساتھ ساجھیداری کی ہے تاکہ Addu کو ایک علاقائی مرکز کے طور پر فروغ دینے کا ایک پائیدار طریقہ تلاش کیا جاسکے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ 8 کروڑ امریکی ڈالر کے اِس پروگرام میں سیاحت کو فروغ دینا اور Addu کی مجموعی اقتصادی ترقی شامل ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اِس سے خطے میں مجموعی ترقی ہوگی، جس سے روزگار، صنعت اور تجارت کے بہتر مواقع فراہم ہوں گے۔x

ڈاکٹر جے شنکر نے مزید کہا کہ گزشتہ چند برس میں بھارت نے Addu میں تقریباً 22 کروڑ امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے، جس سے اِس بات کا پتہ چلتا ہے کہ بھارت، مالدیپ میں علاقائی ترقی کو کتنی اہمیت دیتا ہے۔ x

## Rwanda President

Rwanda کے صدر Paul Kagame نے 99 فیصد سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے کے بعد چوتھی مرتبہ حلف لیا ہے۔ چیف جسٹس Faustin Ntezilyayo نے انھیں عہدے کا حلف دلایا۔ صدرKagame نے عہد کیا کہ وہ امن، قومی خود مختاری اور قومی اتحاد کو برقرار رکھیں گے۔

ایکس پر ایک پوسٹ میں صدر نے عوام کا شکریہ ادا کیا۔

اس دوران انسانی حقوق کے Activists نے انتخابات کے نتائج کی نکتہ چینی کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس سے ملک میں جمہوری طرز عمل کا فقدان ظاہر ہوتا ہے۔

ان کا کہنا ہے کہ آٹھ میں سے صرف 2 امیدواروں کو صدارتی انتخابات لڑنے کی منظوری دی گئی اور جنھوں نے Kagame کی نکتہ چینی کی ان پر پابندی عائد کردی گئی۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے وزیراعظم نریندر مودی نے کسانوں کے لیے 61 فصلوں کی 109 اقسام جاری کیں۔ کسانوں اور سائنس دانوں سے بات چیت کی اور کہا کہ نئی اقسام سے کسانوں کے اخراجات میں کمی آئے گی اور ماحولیات پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے مالدیپ میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس شنکر کے ہاتھوں بھارت کے امداد یافتہ پروجیکٹوں کا افتتاح کئے جانے کی خبر کو سرخی بنایا ہے۔ ان پروجیکٹوں میں زمینی اصلاحات کا پروجیکٹ بھی شامل ہے۔

سابق وزیر خارجہ اور کانگریس کے لیڈر نٹور سنگھ کا طویل علالت کے بعد انتقال ہونے کی خبر بھی روزنامہ انقلاب، راشٹریہ سہارا اور پرتاپ سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے پہلے صفحے پر پیش کی ہے۔ اُن کی آخری رسوم آج دلی میں ادا کی جائیں گی۔

پرتاپ کی ایک خبر ہے کہ خارجہ سکریٹری وکرم مِسری نے نیپال کے صدر اور وزیراعظم سے ملاقات کی۔ دو طرفہ تعاون کے مختلف شعبوں میں تیزی لانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی خبر ہے کہ اتراکھنڈ میں شدید بارش کی وجہ سے لینڈسلائڈنگ کے سبب بدری ناتھ قومی شاہراہ بند۔ بچاؤ کارروائی اور ملبہ ہٹانے کا کام جاری۔

اسی اخبار نے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کے اس بیان کو اندرونی صفحے کی سرخی بنایاہے کہ صحت مند جمہوریت میں بات چیت اور تعاون کا ماحول ضروری ہے۔ ساتھ ہی اخبار نے جموں و کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے اس بیان کو بھی پیش کیا ہے کہ جموں و کشمیر میں جلد ہی اسمبلی انتخابات ہوں گے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 پیرس اولمپکس 2024 چکاچوند کردینے والی اختتامی تقریب کے ساتھ مکمل ہوئے۔ اگلے اولمپکس کھیل مقابلے 2028 میں امریکہ کی شہر لاس اینجلس میں منعقد ہوں گے۔

2 وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سبھی ایتھلیٹس نے، اپنے طرف سے بہترین کاکردگی پیش کی ہے اور ہر ایک بھارتی کو اُن پر فخر ہے۔

3 SEBI نے سرمایہ کاروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ پُرسکون رہیں اور ہنڈنبرگ جیسی غلط رپورٹوں پر کوئی رد عمل ظاہر کرنے سے پہلے تحمل سے کام لیں۔ اڈانی گروپ، SEBI سربراہ اور سرکردہ صنعت کاروں نے امریکہ کی Short seller کمپنی کی اس رپورٹ کی مذمت کی ہے۔

4 بھارت کے انتخابی کمیشن کی ٹیم، آئندہ اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے ہریانہ کا دو روزہ دورہ شروع کرے گی۔

5 راجستھان میں بارش سے متعلق حادثات میں کم سے کم 22 افراد ہلاک ہوگئے۔ آج سات ضلعوں میں سبھی اسکول بند ہیں۔

6 اور ابھی تک کی سب سے پہلی عالمی خواتین کبڈی لیگ ہریانہ میں اگلے مہینے شروع ہوگی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔